https://www.jmi.ac.in

دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

یو آئی گرین میٹرک ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ دو ہزار چھبیس میں جامعہ ملیہ اسلامیہ عالمی سطح پر لمبی چھلانگ کے ساتھ تین سو چونتسویں مقام پر پہنچا

جامعہ کو اس رینکنگ میں بیالیس مقام کا زبردست فائدہ ملا؛ جس کی وجہ سے اسے بھارت میں تیرہواں مقام اور پورے ایشیا میں ایک سو بانوواں مقام حاصل ہوا۔

New Delhi, September 28, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے یو آئی گرین میٹرک ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ دو ہزار چھبیس میں دنیا بھر میں تین سو چونیسواں واں مقام حاصل کر کے عالمی پائیداری کی درجہ بندی میں ایک اہم سنگِ میل عبور کیا ہے؛ اس سے قبل سال دو ہزار پچیس میں یونیورسٹی تین سو چھہترویں مقام پر تھی۔ اس طرح جامعہ نے عالمی درجہ بندی میں بیالیس مقامات کی نمایاں بہتری درج کی ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بھارت میں تیرہواں واں اور ایشیا میں ایک سو بانواں واں مقام بھی حاصل کیا ہے، جس سے پائیداری، ماحولیاتی ذمہ داری اور کیمپس کی پائیدار ترقی کے تئیں اس کے مسلسل عزم کی توثیق ہوتی ہے۔ یو آئی گرین میٹرک دو ہزار چھبیس کی سرکاری درجہ بندی کے مطابق، جامعہ عالمی سطح پر تین سو چونتسویں ویں مقام پر، قومی سطح پر تیرہویں اور ایشیا میں ایک سو بانویں نمبر پر ہے۔

یو آئی گرین میٹرک ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ جو 'یونیورسٹیاس انڈونیشیا سے وابستہ پائیداری کی درجہ بندی کا ایک بین الاقوامی اقدام ہے، یونیورسٹیوں کا جائزہ پائیدار ترقی اور کیمپس کی پائیداری کے مختلف پہلوؤں کی بنیاد پر لیتی ہے۔ دو ہزار چھبیس کے ایڈیشن میں دنیا بھر کی یونیورسٹیاں شامل تھیں اور ان کی کارکردگی کا جائزہ پائیداری سے متعلق اہم اشاریوں کی بنیاد پر لیا گیا تھا۔

اس شاندار کامیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اس کامیابی میں اجتماعی کردار ادا کرنے پر جامعہ کے تمام اراکین بشمول فیکلٹی ممبران، طلبہ، محققین، سابق طلبہ اور عملے کو مبارک باد پیش

کی۔

پروفیسر مظہر آصف نے کہا کہ یہ اعزاز تعلیمی فضیلت، ماحولیاتی ذمہ داری، پائیدار ترقی اور اعلیٰ تعلیم میں معیار کے حصول کے لیے یونیورسٹی کی مسلسل کوششوں کا پختہ ثبوت ہے۔ انھوں نے اس یقین کا اظہار بھی کیا کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ پائیداری کے اقدامات کو مزید مستحکم کرے گی اور مستقبل میں مزید اہم سنگِ میل عبور کرے گی۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اس کامیابی کو یونیورسٹی کے لیے انتہائی فخر کا باعث قرار دیا اور قومی و بین الاقوامی سطح پر جامعہ کی تعلیمی اور ادارہ جاتی حیثیت کو مستحکم کرنے میں تمام متعلقین کی اجتماعی کوششوں کو سراہا۔

یونیورسٹی نے 'انٹرنل کوالٹی ایشورنس سیل (آئی قیو اے سی) کی ڈائریکٹر پروفیسر رفعت پروین اور ان کی ٹیم کی نگرانی میں کیے گئے نمایاں کام کا بھی اعتراف کیا۔ معیار کی یقین دہانی، ادارہ جاتی ڈیٹا مینجمنٹ، درجہ بندی اور ایکریڈیٹیشن کے عمل، پائیداری سے متعلق ڈیٹا کی تیاری اور شواہد پر مبنی نظم ونسق پر مسلسل توجہ مرکوز کرتے ہوئے، آئی قیو اے سی نے مختلف قومی اور بین الاقوامی درجہ بندی کے فریم ورکس میں یونیورسٹی کی کارکردگی کو بہتر بنانے اور اسے تقویت دینے میں کلیدی رول ادا کیا ہے۔

یہ کامیابی، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی مختلف فیکلٹیز، شعبہ جات، مراکز، انتظامی اکائیوں، اساتذہ، طلبہ، محققین اور عملے کی مربوط کوششوں کی مظہر ہے۔ کیمپس میں پائیدار طریقوں پر عمل آوری، ماحولیاتی انتظام، وسائل کے تحفظ، ماحول دوست بنیادی ڈھانچے اور ذمہ دارانہ ادارہ جاتی ترقی کے لیے ان کی اجتماعی کاوشوں نے عالمی سطح پر پائیداری کے میدان میں جامعہ کی پوزیشن کو مستحکم کیا ہے۔

یو آئی گرین میٹرک عالمی درجہ بندی میں یونیورسٹی کی مسلسل پیش رفت اس عزم کو اجاگر کرتی ہے کہ وہ پائیداری، ماحولیاتی شعور اور وسائل کے ذمہ دارانہ انتظام کو اپنے تعلیمی، تحقیقی اور انتظامی نظام کا لازمی حصہ بنا رہی ہے۔

عالمی سطح پر تین سو چونتسویں، بھارت میں تیرہویں اور ایشیا میں ایک سو بانویں پوزیشن کے ساتھ اپنی بہتر ہوتی ہوئی حیثیت کے ذریعے، جامعہ ملیہ اسلامیہ فضیلت، پائیداری اور مزید عالمی شناخت کے حصول کی جانب اپنا پرجوش سفر جاری رکھے ہوئے ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ